ZIAUDDIN UNIVERSITY
EXAMINATION BOARD

**Section 1** **Marks 15**

# Listening

سوال نمبر :1

اعلان سے متعلق نیچے دیئے گئے سوال 1 تا 5 کے جوابات پرچہ میں دی گئی جگہ پر لکھئے۔ آپ کے جوابات مختصر ہونے چاہئیں۔

-1 یہ اعلان کس ادارہ کی جانب سے کیا گیا ؟

جواب------------------------------------------------------------ (1)

-2 اس اعلان میں کس سنہری موقع کا ذکر کیا گیا ہے ؟

جواب------------------------------------------------------------(1)

-3 تعلیمی وظائف کے لئے طلباء کی عمر کی حد کتنی ہونی چاہئے۔ ؟

جواب------------------------------------------------------------(1)

-4 درخواست کے ساتھ طلباء کو اپنی کتنی تصاویر لگانی ہیں ؟

جواب------------------------------------------------------------(1)

-5 یہ ادارہ کس قسم کے طلباء کی مدد کرتا ہے ؟

جواب------------------------------------------------------------(1)

سوال نمبر :2

آپ عاصم اور جویریہ کے درمیان خشک میوہ کشمش کے بارے میں گفتگو سن رہے تھے ۔

سوال نمبر 6 تا 10 کا جواب دیجئے۔ ہر سوال کے لئے صرف ایک صحیح جواب کا انتخاب کیجئے۔

-6 کشمش کس پھل کو خشک کر کے تیار کیا جاتا ہے ؟ (1)

-A انار

-B انگور

-C کھجور

-D رس بھری

7- کشمش کا استعمال کس موسم میں کیا جاتا ہے ؟ (1)

A- ہر موسم میں

B- سردی

C- برسات

D- گرمی

8- کیا کشمش کا استعمال موٹاپے کے لئے مفید ہے ؟ (1)

A- جی نہیں

B- جی ہاں

C- بالکل نہیں

D- نقصان دہ ہے

9- کشمش کو بالوں کی نشو ونما کے لئے کیسے کھایا جائے ؟ (1)

A- رات میں کھائی جائے

B- دودھ کے ساتھ کھائی جائے

C- دوپہر میں کھائی جاتی ہے

D- پانی میں بھگو کر پانی پیا جائے

10- کشمش میں وہ کون سی غذائیت ہے جس سے بیماریوں سے تحفظ ملتا ہے ؟ (1)

A- اس کی مٹھاس

B- اس میں موجود بیج

C- وٹامن سی اور آئرن کا خزانہ

D- اس میں شامل پانی

**سوال نمبر : 4**

بلوچستان کے معدنی وسائل کے بارے میں چھ آراء کو سنتے ہوئے 11 تا 15 ہر جملے کو صحیح رائے سے ملائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| -11 | سینڈک میں بھی سونے کے ذخائر ملے ہیں۔ | پہلی رائے | (1) |
| -12 | بلوچستان کا ساحل قدرتی وسائل سے بھی مالا مال ہے۔ | تیسری رائے | (1) |
| -13 | صوبہ بلوچستان میں معدنیات کے ذخائر دریافت کئے جا چکے ہیں۔ | پانچویں رائے | (1) |
| -14 | 1952 سے گیس اور کوئلہ کی بھاری مقدار نکالی جا چکی ہے ۔ | چھٹی رائے | (1) |
| -15 | بلوچستان میں زیر زمین خزانوں سے فل الحال فائدہ نہیں اٹھایا جا سکتا۔ | دوسری رائے | (1) |

# Section 2

## Reading — Marks: 30

**سوال نمبر :1**

انڈس ڈولفن کے بارے میں مندرجہ ذیل مضمون کو غور سے پڑھیئے ۔

مچھلی بھی اللہ تعالی کی نعمتوں میں سے ایک نعمت ہے۔اس کے گوشت میں بڑی غذائیت ہوتی ہے۔صحت کے لئے جانوروں کے گوشت سے اس کا گوشت بہتر سمجھا جاتا ہے۔کہتے ہیں کہ دماغ کے لئے بھی اس کا گوشت مفید ہے۔ آج ہم جس مچھلی کا ذکر کر رہے ہیں وہ آپ نے مچھلی گھر میں نہ دیکھی ہوگی ۔

انڈس ڈولفن جسے سندھی زبان میں بھلن کے نام سے جانا جاتا ہے۔اپنے دو خواص کی بنیاد پر یہ دوسری آبی مخلوق سے ممتاز ہے۔ایک تو یہ کہ اس کا شمار ممالیہ (بچے دینے اور دودھ پلانے والے) جانوروں میں ہوتا ہے دوسرے یہ تقریباً نابینا ہوتی ہے۔انڈس ڈولفن دنیا بھر میں صرف دریائے سندھ میں ہی پائی جاتی ہے۔ڈولفن کی ایک قسم ہندوستان میں بہنے والے دریائے گنگا اور برہم پتر میں بھی پائی جاتی ہے جو انڈس ڈولفن سے قدرے مختلف ہے۔

ہزروں سال پہلے انڈس ڈولفن سمندر میں پائی جاتی تھی جہاں سے نکل کر یہ دریائے سندھ میں آئی۔دریائے سندھ کے پانی کا گدلا پن چوں کہ روشنی کے سفر میں رکاوٹ کا باعث ہوتا ہے لہذا سمندر کے صاف پانی کی رہنے والی ڈولفن کی آنکھیں گدلے پانی کی وجہ سے بینائی سے محروم ہوتی چلی گئیں۔

ڈولفن کے سمعی اعضاء یعنی سننے کی صلاحیت رکھنے والے اعضاء اتنے ترقی یافتہ ہو چکے ہیں کہ اب اس کے تمام حرکات وسکنات اور محسوسات کا دارومدار اس کی سننے کی صلاحیت ہی پر ہے ۔یہ ایک خاص نظام کے تحت آواز کی مخصوص لہروں کو اپنے اطراف میں بھیجتی ہے اور جب یہ لہریں کسی چیز سے ٹکرا کر پلٹی ہیں تو ڈولفن کو پتا چل جاتا ہے کہ اس کے گرد کیا کچھ کتنے فاصلے پر موجود ہے۔

انڈس ڈلفن انسان دوست ہوتی ہے اور جلد مانوس ہو جاتی ہے۔یہ مختلف چیزوں سے کھیلنا پسند کرتی ہے اس کا بے تحاشا شکار اسکی کمی کا باعث بنا ہے لہذا حکومت نے اس کی نسل کو بچانے کے لئے اس کے شکار پر پابندی لگا کر انڈس ڈولفن کے پروجیکٹ کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔

سوال - مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کیجئے۔

-1 صحت کے لئے جانوروں کے گوشت میں سے کس کا گوشت بہتر سمجھا جاتا ہے ؟

جواب ------------------------------------------(1)

-2 انڈس ڈولفن کو سندھی میں کیا کہا جاتا ہے ؟

جواب ------------------------------------------(1)

-3 انڈس ڈولفن کن خواص کی بنیاد پر تمام آبی مخلوق سے ممتاز ہے ؟

جواب ------------------------------------------(1)

-4 انڈس ڈولفن کن دریاؤں میں پائی جاتی ہے ؟

جواب ------------------------------------------(1)

-5 انڈس ڈولفن کی تعداد بڑھانے کے لئے کس چیز کا قیام عمل میں لایا گیا ہے ؟

جواب ------------------------------------------(1)

## سوال نمبر 3 :

پلاسٹک کے بارے میں مضمون پڑھ کردی گئی خالی جگہ پر کیجئے۔

ہم اپنی روزمرہ زندگی میں جو چیزیں استعمال کرتے ہیں ان میں سے اکثر پلاسٹک کی ہوتی ہیں۔اگر ہم اپنے گھر کی چیزوں پرنظر ڈالیں توان میں سے زیادہ تر پلاسٹک کی ہوتی ہیں جیسے بجلی کے سوئچ اور پلگ ، ٹیلی فون، بوتلیں، کھانے کے برتن، قلم اور کھلونے وغیرہ یاان کا کچھ حصہ پلاسٹک کا ہوگا مثلاً ریڈیو، ٹی وی سیٹ وغیرہ دنیا میں پلاسٹک کا استعمال بہت بڑھ گیا ہے۔کیوں کہ یہ بہت سستا پڑتا ہے،اسے آسانی سے کسی بھی شکل میں ڈھالا جاسکتا ہے۔پلاسٹک کے معنی بھی یہی ہیں کیوں کہ یہ نرم اور لچک دار ہوتا ہےاور چاہیں تو بہت سخت اور بے لچک بھی بن سکتا ہے۔اس کو زنگ نہیں لگتا اور گلتا سڑتا نہیں ہے اس میں بجلی کا کرنٹ سرایئت نہیں کرتا اس لئے بجلی کی اکثر اشیاء پلاسٹک کی بنائی جاتی ہے۔

پلاسٹک دراصل انسان کا بنایا ہوا مصالحہ ہے۔لکڑی، کپاس، اون یا چمڑے کی طرح یہ درختوں ، پودوں یا جانوروں سے حاصل نہیں ہوتا بلکہ کارخانوں میں کیمیائی اشیاء سے بنایا جاتا ہے۔یہ کیمیائی اشیاء کوئلے، تیل اور قدرتی گیس سے حاصل کی جاتی ہیں۔ان میں چھوٹے چھوٹے سالمے (**Molecules**) ہوتے ہیں۔جب ان اشیاء کو گرم کیا جاتا ہے توان کے چھوٹے چھوٹے سالمے آپس میں جڑ کر بڑے سالمے تیار کرتے ہیں اوران سے مختلف اقسام کی پلاسٹک اشیاء بنائی جاتی ہیں۔آخر میں ایسے چھوٹے ذرے رہ جاتے ہیں جو مزید تقسیم نہیں ہوسکتے ان کو ہی سالمہ کہتے ہیں۔ایک سالمہ کئی ایٹوں سے ملکر بنتا ہے۔پلاسٹک کو سانچے میں ڈال کر گرم کیا جاتا ہے گرم ہوکر سانچے میں پھیل جاتا ہے پھر ٹھنڈا کیا جاتا ہے جس سے وہ سخت ہوکر سانچے کی شکل اختیار کرلیتا ہے۔جو پلاسٹک گرم ہونے پر نرم ہوجاتا یا پگھل جاتا ہے ۔ پلاسٹک پانی سے متاثر نہیں ہوتا۔ پلاسٹک کے بے شمار فوائد ہیں لیکن اس کا بے جا استعمال ہمارے ماحول اور صحت کے لئے خطرناک ہے۔

## سوال نمبر: 2

پلاسٹک کے بارے میں سنی گئی رپورٹ سے متعلق خالی جگہوں کو پُر کیجئے۔

-1 دنیا میں ------------- کا استعمال بہت بڑھ گیا ہے ۔ **(1)**

-2 پلاسٹک کو آسانی سے کسی بھی شکل میں----------- جاسکتا ہے۔ **(1)**

-3 پلاسٹک---------اور لچکدار ہوتا ہے۔ **(1)**

-4 پلاسٹک کو ----------- نہیں لگتا ۔ **(1)**

-5 پلاسٹک میں بجلی کا کرنٹ-----------نہیں کرتا۔ **(1)**

-6 کیمیائی اشیا کوئلے ،تیل اور -----------سے حاصل کی جاتی ہے۔ **(1)**

-7 پلاسٹک ------------ہونے پر نرم ہوجاتا ہے۔ **(1)**

-8 پلاسٹک-----------سے متاثر نہیں ہوتا۔ **(1)**

-9 پلاسٹک کے فوائد---------- ہیں۔ **(1)**

-10 پلاسٹک کا ----------استعمال ہمارے ماحول اور صحت کے لئے خطرناک ہے۔ **(1)**

سوال نمبر : 3

مشتری کے بارے میں مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیئے ۔

مشتری نظام شمسی کا پانچواں اور سب سے بڑا سیارہ ہے۔اسے سیاروں کا بادشاہ بھی کہا جاتا ہے۔مشتری کا حجم ہماری زمین سے 1200 گنا زیادہ ہے۔مشتری ایک گیسی سیارہ ہے۔اس کی فضا میں ہمہ وقت گیسوں کے بادل چکراتے رہتے ہیں۔ نظامِ شمسی کے کئی سیاروں کی طرح مشتری بھی ماہرینِ فلکیات کی دلچسپی کا مرکز رہا ہے۔مشتری اسرار جاننے کے لئے انتہائی طاقت ور خورد بینوں سے جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ 1970 کی دہائی سے اب تک اس کی جانب سات روبوٹک خلائی جہاز بھی روانہ کیئے جا چکے ہیں۔ان کوششوں کے خاطر خواہ نتائج برآمد ہوئے اور انسان پر نظامِ شمسی کے بہت سے راز فشاں ہو چکے ہیں لیکن اب بھی بہت کچھ جاننا باقی ہے۔

امریکی خلائی ایجنسی ناسا نے اگست 2011 ء کی 5 تاریخ کو جدید ترین ٹیکنالوجی اور آلات سے لیس اسپیس کرافٹ جونو (JUNO) خلاء میں روانہ کیا۔جونو کو ناسا کی تاریخ کے طاقت ور ترین راکٹ اٹلس پنجم کے ذریعے خلاء میں بھیجا گیا۔اس خالائی جہاز کی تیاری پر 1.1 ارب ڈالر کی لاگت آئی ہے اور یہ مشتری کے مدار تک 41.7 کروڑ میل کا فاصلہ چھ سال میں طے کرے گا۔یہ دس سال کی محنت کے بعد وجود میں آیا ہے۔اس کی تیاری میں امریکہ اور یورپ کے بیس سے زائد اداروں کے انجینیر وں اور سائنس دانوں نے حصہ لیا ہے۔

ناسا کا خلائی جہاز ایک مرکزی حصے اور تین پروں پر مشتمل ہے۔اس طرح شکل وصورت میں یہ کسی پنکھے سے مشابہ نظر آتا ہے۔اس کے ہر پر کی لمبائی 29 فٹ اور 9 فٹ ہے۔یہ شمسی توانائی سے چلنے والا پہلا خلائی جہاز ہے جسے اتنے لمبے فاصلے پر روانہ کیا گیا ہے۔اس سے قبل یورپی خلائی ایجنسی کے سولر پاور اسپیس کرافٹ روسیٹا (Rosetta ) کو لمبے فاصلے پر بھیجنے کا اعزاز حاصل تھا۔ روسیٹا کا مشن مریخ اور مشتری کے مداروں کے درمیان موجود سیارچوں کی پٹی تک پہنچنا اور اس کے بارے میں معلومات زمین پر ارسال کرنا تھا۔زمین کے مقابلے میں سورج سے زیادہ دور ہونے کے باعث مشتری پر سورج کی روشنی زمین کی نسبت 25 گنا کم پہنچتی ہے۔اسی لئے انتہائی جدید شمسی پینل جونو پر نصب کئے گئے ہیں جو معمولی روشنی سے بھی بجلی پیدا کر سکتے ہیں۔

**<u>سوال نمبر 3:</u>**

گزشتہ عبارت میں مشتری کے بارے میں کچھ معلومات دی گئیں ہیں۔
اب آپ مشتری کا نظامِ شمسی میں مقام، گیسی سیارہ اور ناسا کا خلائی جہاز پر ایک خلاصہ لکھئے۔
آپ کا خلاصہ **100** الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیئے۔ **(5)**

خلاصہ : ----------------------------------------------------------------

----------------------------------------------------------------

----------------------------------------------------------------

----------------------------------------------------------------

----------------------------------------------------------------

----------------------------------------------------------------

----------------------------------------------------------------

----------------------------------------------------------------

----------------------------------------------------------------

----------------------------------------------------------------

----------------------------------------------------------------

----------------------------------------------------------------

سوال نمبر 4 : مندرجہ ذیل پانچوں پیراگراف کو غور سے پڑھ کر ترتیب کے لحاظ سے واضح کیجئے۔

-A مشہور فٹبالر میراڈونا اپنی صلاحیتوں کی وجہ سے گولڈن بوائے کے نام سے مشہور ہوئے۔ میراڈونا 30 اکتوبر 1960 میں پیدا ہوئے۔ کم عمری سے ہی انہوں نے فٹبال کے کھیل میں اپنے جوہر دکھانا شروع کردیئے۔ میراڈونا نے اپنے پیشہ ورانہ کیریئر کا آغاز 1976ء ارجنٹائن جونیئر فٹبال کلب سے کیا۔

-B میچ کے چند سال بعد میراڈونا نے ایک انٹرویو میں اطراف کیا کہ انہوں نے اور ان کی ٹیم کے باقی افراد نے محسوس کیا کے یہ صرف ایک میچ نہیں بلکہ ایک جنگ ہے اور انگلینڈ کے خلاف فتح نے ہمیں ایسا محسوس کروایا جیسے ہم نے فاک لینڈ کا بدلہ لے لیا ہے۔ میراڈونا 60 سال کی عمر میں دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے ان کی موت پر ارجنٹائن میں تین روزہ سوگ کا اعلان کیا گیا تھا۔

-C میراڈونا ارجنٹائن پرائمری ڈویژن سے کھیلنے والے سب سے پہلے کم عمر کھلاڑی تھے۔ انہوں نے بین الاقوامی فٹبال کیریئر کا آغاز صرف سولہ سال تین ماہ کی عمر میں ہنگری کے خلاف میچ میں کیا۔ انہوں نے چار مختلف ورلڈ کپ میں ارجنٹائن کی نمائندگی کی۔ پہلا فٹبال ورلڈ کپ 1982ء میں کھیلا۔ میراڈونا کا سب سے یادگار میچ انگلینڈ کے خلاف تھا جس کے پچاس منٹ میں انہوں نے پہلا گول کیا۔

-D انگلینڈ کے کھلاڑیوں کا خیال تھا کہ میراڈونا نے ہیڈ کے بجائے اپنے ہاتھ سے گول کیا ہے جب کے ریفریز کا خیال تھا کہ ہیڈ کی مدد سے گیند کو جال میں پھینکا۔ مختلف آرا کے مطابق اس گول کو پچھلی صدی کا بہترین گول قرار دیا گیا تھا۔ ارجنٹائن کے کھلاڑیوں کے لئے انگلینڈ کے خلاف یہ میچ ایک جنگ جیسا تھا اور اس کی وجہ چار سال قبل فاک لینڈ کے مقام پر دونوں مما لک کے درمیان جنگ تھی۔

-E میراڈونا نے میکسیکو میں 1986ء میں ارجنٹائن کی قیادت کی۔ انہوں نے کپتان اور ٹیم کے سب سے اہم کھلاڑی کی حیثیت سے تمام دباؤ کو اپنے اوپر لے لیا اور تمام کھلاڑیوں کو ہر قسم کے دباؤ سے آزاد ہو کر کارکردگی دکھانے کا موقع دیا۔ میراڈونا نے اس ٹورنامنٹ میں تمام میچ کھیلے اور انہیں کسی بھی میچ میں متبادل نہیں بنایا گیا۔

جواب : تمام پیراگراف کو ترتیب کے لحاظ سے واضح کیجئے۔

---

## سوال نمبر 5 :

درج ذیل گفتگو کو پڑھ کر دیئے گئے سوالات پر صحیح کا نشان لگائیں۔

آج ہم آپ کی ملاقات دس سالہ سافٹ ویر انجینیر آمنہ شہزاد سے کرواتے ہیں جو پاکستان میں ہمت وجرات کی اعلی مثال ہیں ۔

نمائندہ : السلام علیکم ! آپ کیسی ہیں ؟

آمنہ : وعلیکم اسلام ، میں بالکل ٹھیک ہوں۔

نمائندہ : سب سے پہلے تو یہ بتائیے کہ آپ آئی ٹی کے میدان میں کیسے آئیں ؟

آ منہ : میں تو ڈاکٹر بننا چاہتی تھی لیکن گھر میں صرف آئی ٹی کا کام کرتے رہنے کی وجہ سے میں بھی اس میں دلچسپی لینے لگی ۔

نمائندہ : گھر میں کس کس نے آپ کی آئی ٹی میں مدد کی ؟

آمنہ : میرا بھائی علی اور میری بہن فاطمہ نے میری بہت مدد کی بلکہ مجھے آئی ٹی کی طرف لانے والی میری بہن فاطمہ ہی ہے۔

نمائندہ : آپ کی عمر کتنی ہے اور آپ نے آئی ٹی میں کیسے نام پایا ؟

آمنہ : میری عمر دس سال ہے ۔ میں نے ایم ایس آفس میں پانچ گھنٹے کا امتحان دیا اسی رات دعوت میں بھی جانا تھا خیر سب اچھا ہو گیا۔

نمائندہ : آپ کے والد کیا کرتے ہیں ؟

آمنہ : وہ تو فائر فائٹر ہیں ۔وہ اتنے محدود وسائل کے باوجود ہمیں یہ سب پڑھا رہے ہیں۔

نمائندہ : کراچی میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں ، اس کا ثبوت آپ نے دیا ہے۔آپ آج کل کہاں پڑھا رہی ہیں؟

آمنہ : میں سیلانی میں اپنے سے تین گنا بڑے لوگوں کو پڑھا رہی ہوں۔

نمائندہ : آپ آگے اور کیا کرنا چاہتی ہیں ؟

آمنہ : آگے میرا ارادہ ہے اپنا یوٹیوب چینل کھولوں اور کلاسز دو۔

نمائندہ : ہم سب آپ کے اچھے مستقبل کے لئے دعا گو ہیں۔ اللہ آپ کو آگے بھی کامیابیاں عطا فرمائے۔ آمین

آمنہ : آپ کا بہت بہت شکریہ۔

**سوال نمبر : 5**

مندرجہ ذیل سوالات کے لئے صحیح جواب کا انتخاب کیجئے۔ **(5)**

**-1** آمنہ شہزاد کیا بننا چاہتی تھیں ؟ **(1)**

- وکیل ☐
- سائنس دان ☐
- ڈاکٹر ☐

**-2** آمنہ شہزاد کی ان کے گھر میں کس نے مدد کی ؟ **(1)**

- والدین ☐
- بہن بھائی ☐
- چچا چچی ☐

**-3** آمنہ نے کتنے گھنٹے کا امتحان پاس کیا ؟ **(1)**

- 5 گھنٹے ☐
- 4 گھنٹے ☐
- 3 گھنٹے ☐

**-4** آمنہ شہزاد کے والد کیا کرتے ہیں ؟ **(1)**

- مالی ☐
- فائر فائٹر ☐
- ڈاکٹر ☐

**-5** آمنہ مستقبل میں کیا کرنا چاہتی ہیں ؟ **(1)**

- چینل کھولیں گی ☐
- کلینک کھولیں گی ☐
- مدرسہ کھولیں گی ☐

**Section 3** **Marks 30**

# Writing

سوال نمبر :1

اپنے دوست کو ای میل لکھ کر اسے امتحان کے لئے اردو کی ،کی جانے والی تیاری کے بارے بتائیے
نیز اس سے اس تیاری کے حوالے سے معاونت طلب کیجئے۔ آپ کی ای میل 150 الفاظ پر مشتمل ہونی چاہیئے۔

## یا

پانی کے ضیاع اور اسے روکنے کے طریقوں کے موضوع پر اخبار کے مدیر کے نام ایک ای میل لکھیئے۔
ای میل 150 الفاظ پر مشتمل ہونی چاہیئے۔
ای میل کے لئے آپ کو 14 نمبر تک دیئے جاسکتے ہیں۔

**سوال نمبر : 2**

" صحت کو برقرار رکھنے میں نیند بہت اہم کردار ادا کرتی ہے ۔ "

آپ اس رائے سے کس حد تک متفق ہیں ؟ اس مضمون کے لئے **200** الفاظ کی حد مقرر کی گئی ہے۔
اس سوال کے لئے آپ کو **16** نمبر تک دیئے جاسکتے ہیں۔

# SSC Model Paper -1

# Answer Key

## Section -1

## Listening Answer Key

اعلان سے متعلق نیچے دیئے گئے سوال 1 تا 5 کے جوابات پرچہ میں دی گئی جگہ میں لکھیں۔آپ کے جوابات مختصر ہونے چاہئیں۔

1- یہ اعلان کس ادارے کی جانب سے کیا گیا ؟

جواب۔ ادارہِ تعلیم دوست کی جانب سے کیا گیا ؟ (1)

2- اس اعلان میں کس سنہری موقع کا ذکر کیا گیا ہے ؟

جواب۔ تعلیمی وظائف کا اعلان کیا گیا ہے۔ (1)

3- تعلیمی وظائف کے لئے عمر کی حد کتنی ہونی چاہیئے۔

جواب۔ زیادہ سے زیادہ بیس سال ہو۔ (1)

4- درخواست کے ساتھ طالبِ علموں کو اپنی کتنی تصاویر لگانی ہیں؟

جواب۔ دو عدد تصاویر لگانی ہیں۔ (1)

5- یہ ادارہ کس قسم کے طالب علموں کی مدد کرتا ہے ؟

جواب۔ جو کم وسائل کے باوجود بیرونِ ملک اعلیٰ تعلیم کے خواہش مند ہوں۔ (1)

سوال نمبر: 2

آپ دو دوستوں کے درمیان کشمش کے متعلق سنی گئی گفتگو کے سوال نمبر 6 تا 10 کا جواب دیجئے۔ ہر سوال کے ایک جواب کا انتخاب کیجئے۔

6- کشمش کس پھل کو خشک کر کے تیار کیا جاتا ہے ؟ (1)

A- انار

B- رس بھری

C- انگور ( ✓ )

D- کھجور

7- کشمش کا استعمال کس موسم میں کیا جاتا ہے ؟ (1)

A- ہر موسم میں ( ✓ )

B- گرمی

C- سردی

D- برسات

-8 کیا کشمش کا استعمال موٹاپے کے لئے مفید ہے ؟ (1)

-A جی نہیں

-B جی ہاں ( ✓ )

-C بالکل نہیں

-D نقصان دہ ہے

-9 کشمش کی بالوں کی نشو ونما کے لئے کیسے کھایا جائے ؟ (1)

-A رات میں کھایا جائے

-B دودھ کے ساتھ کھائی جائے

-C دوپہر میں کھائی جائے

-D پانی میں بھگو کر پانی پیا جائے ( ✓ )

-10 کشمش میں وہ کون سی غذائیت ہے جس سے بیماریوں سے تحفظ ملتا ہے۔ (1)

-A اس می مٹھاس

-B اس میں موجود بیج

-C وٹامن سی اور آئرن کا خزانہ ( ✓ )

-D اس میں شامل پانی

سوال نمبر : 3

بلوچستان کے معدنی وسائل کے بارے میں چھ آراء کو سنتے ہوئے 11 تا 15 ہر جملے کو صحیح رائے سے ملائیں۔

-11 سینڈک میں بھی سونے کے ذخائر ملے ہیں۔ (تیسری) پہلی رائے (1)

-12 بلوچستان کے ساحل قدرتی وسائل سے بھی مالا مال ہیں۔ (پانچویں) تیسری رائے (1)

-13 صوبہ بلوچستان میں معدنیات کے ذخائر دریافت کئے جا چکے ہیں۔ (پہلی) پانچویں رائے (1)

-14 1952 سے اب تک کوئلہ اور گیس کی بھاری مقدار نکالی جا چکی ہیں۔ (دوسری) چھٹی رائے (1)

-15 بلوچستان میں زیرِ زمین خزانوں سے فل حال فائدہ نہیں اٹھایا جاسکتا۔ (چھٹی) دوسری رائے (1)

## Section -2

## Reading

سوال نمبر 1- مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کیجئے۔

1- صحت کے لئے جانوروں کے گوشت میں سے کس کا گوشت بہتر سمجھا جاتا ہے ؟

جواب مچھلی کا گوشت بہتر سمجھا جاتا ہے ۔ (1)

2- انڈس ڈولفن کو سندھی میں کیا کہا جاتا ہے ؟

جواب انڈس ڈولفن کو سندھی میں بھلّن کہا جاتا ہے ۔ (1)

3- انڈس ڈولفن کن دو خواص کی بنیاد پر تمام آبی مخلوق سے ممتاز ہے ؟

جواب اس کا شمار ممالیہ میں ہوتا ہے اور یہ نابینا ہوتی ہے۔ (1)

4- انڈس ڈولفن کن دریاؤں میں پائی جاتی ہے ؟

جواب یہ دریائے سندھ کے علاوہ ہندوستان کے دریا گنگا اور بھرم پترا میں پائی جاتی ہے۔ (1)

5- انڈس ڈولفن کی تعداد بڑھانے کے لئے کس چیز کا قیام عمل میں لایا گیا ہے ؟

جواب انڈس ڈولفن پراجیکٹ کا قیام عمل میں لایا گیا ہے ۔ (1)

سوال نمبر: 2

پلاسٹک کے بارے میں رپورٹ سے متعلق خالی جگہوں کو پُر کیجئے۔

11- دنیا میں پلاسٹک کا استعمال بہت بڑھ گیا ہے ۔ (1)

12- پلاسٹک کو آسانی سے کسی بھی شکل میں ڈھالا جاسکتا ہے۔ (1)

13- پلاسٹک نرم اور لچکدار ہوتا ہے۔ (1)

14- پلاسٹک کو زنگ نہیں لگتا ۔ (1)

15- پلاسٹک میں بجلی کا کرنٹ سرایت نہیں کرتا۔ (1)

16- کیمیائی اشیا کوئلے ،تیل اور قدرتی گیس سے حاصل کی جاتی ہے۔ (1)

17- پلاسٹک گرم ہونے پر نرم ہو جاتا ہے۔ (1)

18- پلاسٹک پانی سے متاثر نہیں ہوتا۔ (1)

19- پلاسٹک کے فوائد بے شمار ہیں۔ (1)

20- پلاسٹک کا بے جا استعمال ہمارے ماحول اور صحت کے لئے خطرناک ہے۔ (1)

سوال نمبر 3:

گزشتہ عبارت میں مشتری کے بارے میں کچھ معلومات دی گئیں ہیں۔
اب آپ مشتری کا نظامِ شمسی میں مقام، گیسی سیارہ اور ناسا کا خلائی جہاز پر ایک خلاصہ لکھئے۔
آپ کا خلاصہ 100 الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیئے۔ (5)

خلاصہ : مشتری نظامِ شمسی کا پانچواں اور سب سے بڑا سیارہ ہے۔ یہ سیاروں کا بادشاہ بھی کہلاتا ہے۔اس کا حجم زمین سے 1200 گنا زیادہ ہے۔مشتری ایک گیسی سیارہ ہے۔اس کی فضا میں ہر وقت گیسوں کے بادل چکر لگاتے رہتے ہیں۔امریکی خلائی ایجنسی ناسا نے 5 اگست 2011 میں جدید ترین ٹیکنالوجی اور آلات سے لیس اسپیس کرافٹ جونو خلاء میں روانہ کیا۔اس خلائی جہاز کی تیاری پر 1.1 ارب ڈالر کی لاگت آئی۔ یہ خلائی جہاز ایک مرکزی حصے اور تین پروں پر مشتمل ہے۔اس کی شکل وصورت پنکھے سے مشابہ ہے۔

سوال نمبر: 4 تمام پیراگراف کو ترتیب کے لحاظ سے واضح کیجئے۔

**1- A , 2-C , 3-E , 4-D , 5 - B**

سوال نمبر 5:

-1 آمنہ شہزاد کیا بننا چاہتی تھیں ؟ (1)

وکیل ( )
ڈاکٹر ( ✓ )
سائنسدان ( )

-2 آمنہ شہزاد کی آئی ٹی میں ان کے گھر میں کس نے مدد کی ؟ (1)

بھائی بہن ( ✓ )
والد والدہ ( )
چچا چچی ( )

-3 آمنہ نے کتنے گھنٹے کا امتحان پاس کیا ؟ (1)

3 گھنٹے ( )

4 گھنٹے ( )

5 گھنٹے ( ✓ )

-4 آمنہ شہزاد کے والد کیا کرتے ہیں ؟ (1)

مالی ( )

ڈاکٹر ( )

فائر فائٹر ( ✓ )

-5 آمنہ مستقبل میں کیا کرنا چاہتی ہیں ؟ (1)

کلینک کھولیں گی ( )

چینل کھولیں گی ( ✓ )

مدرسہ کھولیں گی ( )

# Section 1

# Listening Transcript

## ریکارڈنگ کے لئے

سوال نمبر1-

ایک تعلیمی نمائش میں طالب علموں کے لئے اعلان کیا گیا۔آیئے وہ اعلان سنتے ہیں۔ یہ اعلان دو مرتبہ سنایا جائے گا۔

کالج میں زیرِ طالب علموں کے لئے آگے بڑھنے اور بیرونِ ملک تعلیم حاصل کرنے کا سنہری موقع۔

ادارہ تعلیم دوست : اب لاتا ہے تعلیمی وظائف

ان وظائف کے لئے ضروری ہے کہ آپ :

☆ شاندار تعلیمی نتائج کے حامل ہوں۔

☆ آپ کی عمر زیادہ سے زیادہ بیس سال ہو۔

☆ آپ کا تعلق کسی دیہی علاقے سے ہو۔

ادارہ تعلیم دوست ایک طویل عرصے سے ہونہار طالبِ علموں کی علمی صلاحیتوں کو نکھارنے اور ان کے مستقبل کو سنوارنے میں مصروفِ عمل ہے۔ ادارہ ان طلباء و طالبات کی مالی معاونت کرتا ہے جو کہ کم وسائل کے باوجود بیرونِ ملک سے اعلیٰ تعلیم کے حصول کے خواہش مند ہوں۔ان وظائف کے حصول کے لئے ابھی درخواست فارم حاصل کریں اور جلد از جلد جمع کروائیں۔درخواست کے ساتھ اپنی دو عدد تصاویر اور تعلیمی نتائج کی نقول لگانا نہ بھولیں۔

**دو بارہ سنیئے۔**

**سوال نمبر 2-**

آپ دو دوستوں کے درمیان کشمش کے موضوع پر گفتگو سنیں گے ۔ یہ گفتگو دو بار سنائی جائے گی۔

جویریہ ! عاصم یہ تم اپنی جیب سے کیا چیز نکال نکال کر کھاتے جا رہے ہو ؟

عاصم ! میں کشمش کھا رہا ہوں اسے خشک میوہ جات میں شمار کیا جاتا ہے اور یہ صحت کا انمول خزانہ ہے ۔

جویریہ ! کیا تم جانتے ہو؟ کشمش کس پھل کو خشک کر کے تیار کی جاتی ہے ؟

عاصم ! ہاں ِ انگوروں کو خاص مراحل سے گزار کر خشک کیا جاتا ہے تو یہ کشمش بن جاتے ہیں۔

جویریہ ! کشمش کا استعمال کس موسم میں زیادہ کیا جاتا ہے ؟

عاصم ! یہ میوہ ہر موسم میں استعمال کیا جاتا ہے یہ نہایت مفید ہے اور کم قیمت ہونے کے ساتھ دستیاب ہوتا ہے ۔

جویریہ ! میں نے دیکھا ہے کے ہمارے کئی میٹھے پکوانوں میں کشمش کا استعمال کیا جاتا ہے ۔

عاصم ! ہاں ہاں، کیک بسکٹ سمیت ہمارے دیسی میٹھے پکوان اس کے بغیر ادھورے سمجھے جاتے ہیں۔

جویریہ ! کیا کشمش غذائیت کے اعتبار سے بھی ہمارے لئے مفید ہے ؟

عاصم ! جی ہاں، کشمش میں آئرن، وٹامن سی، فائبر، پروٹین اور معدنیات کے ساتھ ساتھ اینٹی آکسیڈینٹ بھی پائے جاتے ہیں جن سے جسم کو بیماریوں سے تحفظ ملتا ہے اور قوتِ مدافعت میں اضافہ ہوتا ہے۔ میری والدہ نے مجھے بتایا تھا کہ کشمش پانی میں بھگو کر یہ پانی پیتے رہنے سے بالوں کی نشوونما بہتر ہوتی ہے۔

جویریہ ! بھئی ، اگر یہ موٹاپے کے لئے مفید ہے تو میں بھی اسے استعمال کر لوں گی۔

عاصم ! جی ہاں، صبح نہار منہ کشمش کا پانی پینا جسم سے فالتو چربی اور کولیسٹرول کو کم کرتا ہے اور دل کے لئے مفید ثابت ہوتا ہے اور جلد کو بھی تر و تازہ رکھتا ہے۔

جویریہ ! ارے تم نے تو کشمش کے اتنے بہت سے فوائد بتا دیئے ہیں ۔

عاصم ! جی جناب ، کشمش کا استعمال دمے کے مریضوں کے لئے بھی مفید ہے اور ہاضمے کے مسائل، جگر کے افعال کی درستگی کے لئے بھی اسے خوراک کا حصہ بنایا جا سکتا ہے۔

جویریہ ! مجھے اب یہ بات سمجھ میں آئی ہے کہ میری امی کیوں ایک مرتبان میں بھنے ہوئے چنے، کشمش اور ناریل ملا کر رکھ دیتی تھیں اور ہم سب دن میں کئی مرتبہ مٹھی بھر میوہ اس میں سے نکال کر کھا لیتے تھے۔

عاصم ! اسی لئے کہتے ہیں کہ بڑوں کی کوئی بات اور عمل ، حکمت سے خالی نہیں ہوتا۔

**دو بارہ سنیئے۔**

سوال نمبر 3 :

اب آپ بلوچستان کے معدنی وسائل کے بارے میں چھ مختلف اشخاص کی گفتگو سنیں گے۔
یہ گفتگو دو مرتبہ سنائی جائے گی۔

پہلی رائے ۔ صوبہ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے۔ جہاں اب تک چالیس کے قریب انتہائی زیرِ زمین معدنیات کے ذخائر دریافت کیے جا چکے ہیں۔ جن میں توانائی کے قدرتی وسائل، کوئلہ، گیس اور تیل بھی شامل ہیں۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق یہ ذخائر پچاس سے سو سال کی ضروریات پوری کر سکتے ہیں۔

دوسری رائے ۔ بلوچستان میں دریافت کی جانے والی معدنیات میں سونا، تانبا، خام لوہا، یاقوت، گندھک، چونے کا پتھر، یورینیم، کرومائٹ، فلورائڈ، جپسم اور اربوں روپے کی قیمتی دھاتیں بھی شامل ہیں۔ 1952 سے گیس اور کوئلے کی بھاری مقدار نکالی جا چکی ہے لیکن اس کا زیادہ تر فائدہ سرمایہ کار کمپنیوں کو ہی ہوا ہے اور مقامی افراد کا حصہ نہ ہونے کے برابر ہے۔

تیسری رائے ۔ بلوچستان میں ریکوڈک کے علاقے میں تانبے اور سونے کے وسیع ذخائر پائے جاتے ہیں۔ یہاں سے سالانہ دو لاکھ ٹن تانبا اور بڑی مقدار میں سونا نکالا جا سکتا ہے تاہم یہ منصوبہ ابھی تنازعات کی زد میں ہے۔ سینڈک میں بھی سونے کے ذخائر ملے ہیں جن کی مالیت اربوں ڈالرز میں ہے۔

چوتھی رائے ۔ کوئلہ توانائی پیدا کرنے کا اہم ذریعہ ہے۔ بلوچستان کے علاقوں ڈکی، ہرنائی، کنگری، مچھ، زیارت اور چمالانگ میں کوئلے کے وسیع ذخائر ہیں۔ جن کا اندازہ 2017 ملین ٹن لگایا گیا ہے۔ چالیس کلومیٹر طویل کنگری کی کانوں میں اعلیٰ قسم کا کوئلہ موجود ہے۔ ان ذخائر کا تخمینہ چھ ملین ٹن لگایا گیا ہے۔ پاکستان جو اپنی توانائی کی ضروریات پوری کرنے کے لئے اربوں ڈالر خرچ کرتا ہے اگر کوئلے کی ان کانوں سے فائدہ اٹھایا جائے تو توانائی کے مسائل پر قابو پایا جا سکتا ہے۔

پانچویں رائے ۔ ان اسٹریٹجک محلِ وقوع کے علاوہ بلوچستان کا ساحل قدرتی وسائل سے بھی مالا مال ہے۔ گوادر، پسنی، جیوانی اور اوڑمارا کے نزدیک سمندر میں تیل اور گیس کے ذخائر کی تصدیق ہوئی ہے۔ تحقیق سے یہ بات ثابت ہوئی ہے کہ پاکستان تیل کی پیداوار میں تین سال کے اندر خود کفیل ہو سکتا ہے۔ لیکن ملک میں سیاسی عدم استحکام اس منصوبے کی راہ میں بڑی رکاوٹ ثابت ہو رہا ہے۔

چھٹی رائے ۔ بلوچستان میں زیرِ زمین خزانوں سے فی الحال فائدہ نہیں اٹھایا جا سکتا کیوں کہ صوبے میں عسکریت پسندی، دہشت گردی اور بدامنی کی وجہ سے غیر ملکی سرمایہ کار یہاں آنے سے گریزاں ہیں۔ نیز سرمایہ کار ایسی شرائط پیش کرتے ہیں جن کی رو سے پاکستان کے حصے میں تو بہت ہی معمولی سا فائدہ آئے گا۔ یہاں کے مقامی سردار بھی اس میں سے بڑے حصے کے طلب گار ہیں۔ ان مسائل کا حل باہمی گفت و شنید کے ذریعے تلاش کرنے کی ضرورت ہے تاکہ ان معدنیات سے فائدہ اٹھایا جا سکے۔

دوبارہ سنیئے۔

# Marking Scheme

## Section -1 (Listening) Marsk: 15

مختلف سیاق وسباق میں بولی جانے والی اردو کو سمجھنے اور اس کا جواب دینے کی صلاحیت کا اندازہ لگا گئیں۔

مثلاً : اعلان ، مکالمہ ، رپورٹ ، انٹرویو

آڈیو کلپس سے معلومات نکالنے کی مہارت کا اندازہ لگائیں۔

سننے کی صلاحیت کی بنیاد پر عمل کرنے اور مختلف کاموں کو مکمل کرنے کی صلاحیت کی جانچ کریں۔

**ان تمام سوالات میں طلباء کو تقریباً پورے نمبر مل سکتے ہیں۔**

## Section -2 (Reading ) Marsk : 30

اقتباسات اور سوالات کے ذریعے پڑھنے کی سمجھ اور اس کی مہارت کا اندازہ لگائیں۔

دیئے گئے مواد میں معلومات کا خلاصہ اور اہم تفصیل کو شناخت کرنے کی صلاحیت کا اندازہ کریں۔

طلباء سے خلاصہ تیار کرنے کی ضرورت کے ذریعے تحریری مہارتوں کا اندازہ کریں ۔

**ان تمام سوالات میں ضرورت کے مطابق نمبر کاٹے جا سکتے ہیں۔**

## Section - 3 ( Writing ) Marsk : 30

اشارے کے جواب میں اچھے طریقے سے لکھنے کی صلاحیت کی جانچ کریں جیسے ای میل کی ساخت اور رائے ، مضمون لکھنے کی مہارتوں کا اندازہ لگایا جائے کہ طلباء دلیل اور آراء کو مربوط طریقے سے پیش کرنے کی کتنی صلاحیت رکھتے ہیں۔

## Writing

**سوال نمبر : 1 (ای میل)** | **نمبر کی تقسیم**

**مواد کا استعمال ۔**

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | مناسب مقصد اچھا احساس ، خیالات کا اچھا بیان ، موثر طریقے سے بات چیت ، منظّم اور مربوط طریقہ کار اور پیرا گراف بنائے گئے ہوں۔ | 10۔12 |
| 2۔ | زیادہ تر متعلقہ سے کام مکمل کیا ہو، خیالات کو مناسب طریقے سے ڈھالا گیا ہو لیکن ان مطابقت نہ ہو اور پیرا گراف کا خیال بھی نہ رکھا گیا ہو۔ | 8۔6 |
| 3۔ | چند متعلقہ نکات کے ساتھ لکھا گیا ہو، نامناسب انداز ، خیالات کی صرف کوشش کی گئی ہو۔ تنظیم اور ہم آہنگی کی کمی ہو۔ | 5۔2 |
| 4۔ | کوئی قابلِ اعتبار جواب نہیں۔ | صفر |

**اندازِ بیان کی درستگی۔** | **نمبر کی تقسیم**

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | الفاظ اور مشکل ڈھانچے کو مناسب طریقے کا ڈھالنا ، مناسب انداز اور پیرا گراف ، زبان کا بہترین کنٹرول ، کچھ معمولی غلطیاں۔ | 10۔12 |
| 2۔ | الفاظ اور ساخت کا مناسب طریقے سے استعمال ، مناسب انداز ، درست پیرا گراف ، زبان کا مناسب استعمال اور چند غلطیاں۔ | 9۔7 |
| 3۔ | الفاظ کا محدود حد تک سادہ انداز کچھ کامیاب کوشش ،مناسب خیالات ،پیرا گراف کا درست نہ ہونا اور زبان پر کچھ کنٹرول۔ | 6۔4 |
| 4۔ | بنیادی الفاظ اور سادہ انداز کا استعمال ، نامناسب پیرا گراف ، اندازِ بیاں ایسا جیسے شک کا شکار ہو۔ | 3۔2 |
| 5۔ | کوئی قابلِ اعتبار جواب نہیں۔ | صفر |

## سوال نمبر : **2** ( مضمون نویسی )      نمبر کی تقسیم

### مواد کا استعمال ۔

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | بہت اچھا، تفصیلی ، واضح کردہ ، ہم آہنگی سے دلیل ۔ | 15-13 |
| 2۔ | دلیل واضح اور نتیجہ اخذ کرنے کی کچھ صلاحیت ہو ۔ | 12-11 |
| 3۔ | موضوع پر کچھ معلومات ہے ، بحث کرنے کی صلاحیت محدود ہے۔ | 10-7 |
| 4۔ | ناقص دلیل کی کچھ کوشش ، غلط فہمی کو دلیل بنانے کی چھوٹی کوشش ہو۔ | 6-3 |
| 5۔ | مبہم اور عمومی ، بے ترتیب طور پر خیالات کا پیش کرنا۔ | صفر |

### زبان کا معیار ۔      نمبر کی تقسیم

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | بہت اچھا ، پیچیدہ نمونوں کا پُر اعتماد استعمال، وسیع ذخیرہ الفاظ، محاورے کی اچھی سمجھ بوجھ ہو۔ | 15-13 |
| 2۔ | عام طور پر کچھ غلطیوں کے باوجود قواعد کی صحیح گرفت ، مختلف اچھے الفاظ کا استعمال ہو۔ | 12-11 |
| 3۔ | سادہ الفاظ ، مختتی ہونے کا رجحان کم ہے ، محاورے کا نا مناسب استعمال ہو ۔ | 10-7 |
| 4۔ | مستقل غلطیوں کے ساتھ سادہ اندازِ بیان اور محدود الفاظ ہوں۔ | 6-3 |
| 5۔ | صرف سادہ ترین جملے، قواعد کی صحیح گرفت نہ ہونا اور محدود الفاظ ہوں۔ | صفر |